148520- ٹیلی فون کے ذریعہ طلاق دینا

سوال

جناب والا یہ بتائیں کہ اگر کوئی شخص موبائل فون پر میسج کے ذریعہ بیوی کو طلاق دیتا ہے تو کیا یہ طلاق واقع ہوجائیگی یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو فون کے ذریعہ "تجھے طلاق "یا میں نے تجھے طلاق دی" کے الفاظ کہتا ہے تو اس سے ایک طلاق واقع ہوجائیگی، بالکل ایسے ہی جیسے وہ بیوی کی موجودگی میں کہے یا پھر ٹیلی فون استعمال کیے بغیر بیوی کی عدم موجودگی میں کہے تو طلاق ہوجاتی ہے.

اوراسی طرح جب وہ موبائل فون پر میسج کرے اوراس میں بیوی کو مخاطب ہوکر کہے کہ اسے طلاق دے دی ہے، یا پھر کسی دوسرے کو مخاطب کرکے کہے کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے اوراس میں اس کا مقصد طلاق دینا ہو تو اس سے بھی طلاق واقع ہوجائیگی.

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (72291) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.